چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

کاپی رائٹ

بار اول ——— ۲۰۰۰

قیمت ——— پانچ روپے

۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پرنٹرز و پبلشرز نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۱۷۹)

بڑا مولوی

وطن جس کی رو سے ہے بنیادِ ملت — میں اُس شرع کی کر رہا پیروی ہوں
اہنسا کا فوارہ اُچھلا ہے جس سے — میں اُس زندگانی کی شانِ نوی ہوں
سکھاتا ہے جو ناچنا اور گانا — میں اُس مدرسہ[۱] کا بڑا مولوی ہوں
کبھی میں بھی تھا عازمِ کوئے یثرب — اب اس عزم کو کر چکا ملتوی ہوں
کوئی قادری ہے کوئی سہروردی — مرا فخر یہ ہے کہ میں گاندھوی ہوں
مجھے لیگ سے اس لئے دشمنی ہے — وہ عبدالنصاریٰ میں عبدالقوی ہوں
برستی ہیں جس سے ترنگی بلائیں[۲] — میں اُس عرش پر آج کل مستوی ہوں

سمجھ لیں میں جینا کو کیونکر مسلماں
کوئی میں بھی اشرف علی تھانوی ہوں

۱ وردھا سکیم — ۲ چرخہ والا ترنگا جھنڈا

لاہور ۱۶ مئی ۱۹۳۹ء